© rasailojaraid.com


از: مولانا محمد ابراہیم فانی
دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# رہبر کارواں سوئے جنت رواں

جامع شریعت وطریقت امام الاولیاء خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحب قدس سرہ
کے سانحہ ارتحال اور انتقال پُر ملال پر چند رثائیہ اشعار

خواجہ خواجگاں سوئے جنت رواں ۔ خلد ان کا مکاں سوئے جنت رواں
تھے وہ کامل ولی ان کی سطوت جلی ۔ جو تھا عظمت نشاں سوئے جنت رواں
زیب بزمِ صفا زینت خانقاہ ۔ مرہم زخم جاں سوئے جنت رواں
مرجع اہلِ دل منبع علم وفن ۔ ان کی شوکت عیاں سوئے جنت رواں
سرورِ اولیاء قائد محترم ۔ رہبر کارواں سوئے جنت رواں
ان کے اوصاف ہیں کیا عجب یا عجب ۔ بیکراں بیکراں سوئے جنت رواں
بسمل شمع ختم نبوت تھے جو ۔ مونس بیکساں سوئے جنت رواں
فخر اہل تقی نازشِ دیوبند ۔ تھا وہ قطب زماں سوئے جنت رواں
جن کے دم سے رہا رشک جم میکدہ ۔ اُف وہ پیرِ مغاں سوئے جنت رواں
مستِ جام الست مئے معرفت ۔ درلحد شد نہاں سوئے جنت رواں
صاحب دردِ دل تھی زباں حق بیاں ۔ درفشاں درفشاں سوئے جنت رواں
مہ لقا خوش ادا وہ گدا بے نوا ۔ میرِ بزمِ شہاں سوئے جنت رواں
جن کی رحلت پہ ہے عالم آب وگل ۔ آج ماتم کناں سوئے جنت رواں

حشر ہے اب بپا فانی غمزدہ
اک حکیم جہاں سوئے جنت رواں

☆ ☆ ☆

© rasailojaraid.com